ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (529)

مورخہ 03.10.2023

**بہاولپور (          )فرینڈز آف پولیس، انٹرن شپ پروگرام //آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں سٹوڈنٹس کا فرینڈز آف پولیس یوتھ انٹرن شپ پروگرام کے تحت بہاولپور پولیس لائنز میں باقاعدہ انٹرن شپ کا آغاز کردیا گیا ہے۔انٹرن شپ عملی زندگی میں پہلا قدم ہوتا ہے،ڈی پی اوسید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹرعثمان انور کے ویژن کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایات پرفرینڈز آف پولیس یوتھ انٹرن شپ پروگرام کے تحت مختلف سٹوڈنٹس کا پولیس لائن میں دوہفتوں پر مشتمل انٹرن شپ پروگرام کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا ہے۔ پہلے ہفتے میں سٹوڈنٹس کو پولیس لائن میں بریفنگ دی جائے گی اور پولیس ورکنگ کے متعلق تفصیلی طور پر بتایا جائے گا جبکہ انٹرن شپ کے دوسرے ہفتے تمام سٹوڈنٹس کو ضلع کے مختلف پولیس پراجیکٹس اور تھانہ جات میں اٹیچ کیا جائے گا جہاں پرانہیں عملی طور پر پولیس ویلفیئر پراجیکٹس اور پولیس ورکنگ کو سمجھنے کا موقع ملے گا۔انٹرن شپ پروگرام کے پہلے روز ڈی ایس پی لیگل عبدالرف جاوید، انچارج خدمت مرکز محمد ایوب ایس آئی اورانچارج آئی ٹی محمد زنیر نے انٹرنی نوجوانوں کو بریف کیا۔ڈی ایس پی لیگل نے شرکت کرنے والےنوجوانوں کو پولیس کی سروسز بارے تفصیلی طور پرآ گاہ کیا۔واضح رہے کہ سٹوڈنٹس نے خودکوفرینڈز آف پولیس یوتھ انٹرن شپ پروگرام میں انرول کیا۔اس کے علاوہ جوبھی طالبعلم اس انٹرنشپ پروگرام کیلئے انرول ہونا چاہتا ہے وہ پنجاب پولیس پبلک ایپ پر دیے گیے آپشن کے ذریعے انرولمنٹ حاصل کرسکتا ہے۔اس موقع پرسٹوڈنٹس کا کہنا تھا کہ پولیس کے اس خوبصورت اور سافٹ چہرے کو پہلی دفعہ دیکھا ہے جس کا ہمیں کبھی اندازہ نہیں ہوا کہ پولیس شہریوں کیلئے اس قدرلگن اورمحنت سے کام کررہی ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ انٹرن شپ پروگرام کے تحت نوجوانوں کو پولیس کی ورکنگ اور پولیس کی طرف سے عوام الناس کیلئے دی جانے والی سہولیات اورسروسزکوقریب سے دیکھنے اورسیکھنے کا موقع ملے گا تا کہ پولیس اورعوام کے درمیان کمیونٹی پولیسنگ کوفروغ دیتے ہوئے خلیج کا کم کیا جاسکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: آئی جی پنجاب کے ویژن اور ڈی پی اوسید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں "فرینڈز آف پولیس" یوتھ انٹرن شپ پروگرام کے تحت پولیس لائن میں ڈی ایس پی لیگل عبدالروف جاوید لیکچر دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(530)

03.10.2023

**بہاولپور(            )ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کا جدید آئی ٹی سہولیات کے استعمال پر زور۔پولیس انفارمیشن ٹیکنالوجی لیب کی طرف سے ماہ ستمبر 2023 میں ای گیجٹ ایپ کی مدد سے چوری اور چھینے گئے لاکھوں روپے مالیت کے 117 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے گئے۔جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق انجام تک پہنچایا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے جدید آئی ٹی سہولیات کو استعمال کرتے ہوئے ماڈرن پولیسنگ کے نظریہ کو فروغ دینے بارے ہدایات جاری کیں۔ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔ماہ ستمبر 2023 میں بہاولپور پولیس نے ای گیجٹ کی مدد سے لاکھوں روپے مالیت کے 117 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے۔پنجاب پولیس کے ای۔گیجٹ ایپ کا استعمال موثر ثابت ہو رہا ہے۔موبائل فون چوری یا چھین لیا جائے تو اس کو اب آسانی سے ریکور کیا جا سکتا ہے۔پنجاب پولیس نے ای گیجٹ نام کی موبائل ایپ متعارف کرائی ہے جسے آسانی سے پلے سٹور سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے،جس کے بعد کوئی بھی دکاندار اس کی مدد سے باآسانی جان سکے گا کہ اس کے پاس موجود موبائل فون جو کہ فروخت کرنے کیلئے آیا ہے کسی واردات میں ملوث یا چوری کا تو نہیں ہے جس بابت خدشہ ہونے یا علم ہونے کی صورت میں فوری متعلقہ پولیس کو اطلاع دی جاتی ہے دورحاضر میں پولیس کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے کئی وارداتیں ٹریس کی جارہی ہیں جس سے معاشرے میں پولیس کا وقار مزید بلند ہو رہا ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کا جدید آئی ٹی سہولیات کے استعمال پر زور۔گزشتہ ماہ ای گیجٹ ایپ کی مدد سے چوری اور چھینے گئے لاکھوں روپے مالیت کے موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے گئے